© rasailojaraid.com



لی زبان سادہ ہوتی ہے۔ لیکن سوز و گداز۔ درد و کرب۔ اور عمیق تاثر سے ان کے اشعار لبریز ہوتے ہیں تمثیلاً اشعار ذیل دیکھیے۔

بیکسیٔ مرگ پر آنسو بھر لے نزع میں — اپنے مرنیکا میں خود کرتا ہوا ماتم گیا
تکلیفِ ضبطِ عشق کی اللہ ری لذتیں — آنسو بھر آئے آنکھ میں لیکن ہنسا کئے
کیا زندگی تھی عشق و محبت کی زندگی — اک نامراد دل کے سہارے جیا کئے

اس حصہ میں تسکین صاحب کی نعتیہ، عاشقانہ اور واقعاتی متصوفانہ اور فلسفیانہ ہر قسم کی نظمیں، قطعات، مرثیے اور غزلیات سب کچھ موجود ہے اور حسن و خوبی کے لحاظ سے ایک سے ایک بڑھ چڑھ کر ہے۔ رفعتِ تخیل، سادگیِ بیان، سوز و گداز، قدرتِ ادا اور حقیقت رسی کلام تسکین کا خاص جوہر ہے۔ ارباب ذوق کیلئے اس کا مطالعہ گوناگوں دلچسپی کا سبب ہوگا۔

**طلوع سحر** از جناب ضامن حسین صاحب گویا جہاں آبادی تقطیع بڑی ضخامت ۸ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر قیمت درج نہیں۔ غالباً بریلی الکٹرک پریس بریلی سے ملیگی۔

گویا صاحب جہاں آبادی اپنے کلام کا ایک ضخیم مجموعہ شائع کرنا چاہتے ہیں جو آٹھ ابواب پر تقسیم ہوگا۔ یہ کتابچہ اس ضخیم مجموعہ کے نمونہ کے طور پر شائع کیا ہے۔ اس مختصر نمونہ سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ گویا صاحب ایک کہنہ مشق شاعر ہیں اور نظمیں زیادہ تر اسلامی اور قومی و مذہبی لکھتے ہیں۔ کلام میں تصوف کی چاشنی بھی جگہ جگہ نظر آتی ہے۔

**اوجِ کمال** از جناب مولوی عبدالمجید صاحب عتیقی تقطیع چھوٹی ضخامت ۱۲۲ صفحات۔ کتابت و طباعت معمولی قیمت عہ ر پتہ۔ کامل بکڈپو لاہور۔

اس کتاب میں غازی مصطفیٰ کمال پاشا مرحوم کے حالات و سوانح اور ان کے قومی و جنگی کارنامے آسان و شستہ زبان میں بیان کیے گئے ہیں۔ لیکن کتاب مورخانہ نہیں بلکہ عقیدتمندانہ طرز پر



© rasailojaraid.com